NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FEDERAL EDUCATION, PROFESSIONAL TRAINING, NATIONAL HERITAGE AND CULTURE ON THE IQBAL ACADEMY PAKISTAN BILL, 2022

I, Chairman of the Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture have the honor to present this report on the Bill to establish Iqbal Academy for promotion of the thought of Allama Iqbal [The Iqbal Academy Pakistan Bill, 2022] (Government Bill) referred to the Committee on 29th September, 2021.

2. The Committee comprises the following:-

1.	**Mian Najeeb Ud Din Awaisi**	**Chairman**
2.	Mr. Ali Nawaz Awan	Member
3.	Mr. Sadaqat Ali Khan	Member
4.	Ms. Javairia Zafar Aheer	Member
5.	Mr. Umar Aslam Khan	Member
6.	Mr. Muhammad Farooq Azam Malik	Member
7.	Ms. Nafeesa Inayatullah Khan Khattak	Member
8.	Ms. Andleeb Abbas	Member
9.	Ms. Ghazala Saifi	Member
10.	Ms. Asma Qadeer	Member
11.	Ms. Tashfeen Safdar	Member
12.	Mrs. Farukh Khan	Member
13.	Ms. Mehnaz Akber Aziz	Member
14.	Ch. Muhammad Hamid Hameed	Member
15.	Ms. Kiran Imran Dar	Member
16.	Ms. Musarrat Asif Khawaja	Member
17.	Mr. Abid Hussain Bhayo	Member
18.	Ms. Mussarat Rafiq Mahesar	Member
19.	Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro	Member
20.	Mr. Asmatullah	Member
21.	Mr. Shafqat Mahmood, Minister for Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **'Annex-A'** in its meetings held on 11-10-2021, 30-11-2021, 08-12-2021 and recommends that the Bill may be passed by the National Assembly.

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 4th February, 2022

Sd/-
(MIAN NAJEEB UD DIN AWAISI)
Chairman

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A
Bill
to establish Iqbal Academy for promotion of the thought of Allama Iqbal

Whereas it is expedient to establish the Iqbal Academy for the purpose of making concerted efforts for promotion of the thought of Allama Iqbal, for spreading the message of Shaire-e-Mashriq Allama Muhammad Iqbal for his struggle towards glory of Islam, unity of Ummah and revival of Islamic spirit, for upkeep and maintenance of Aiwan-e-Iqbal Complex, for bringing greater efficiency in administration of the Iqbal Academy and Aiwan-e-Iqbal Complex and for the purposes hereinafter appearing;

1. **Short title, extent and commencement.** - (1) This Act shall be called the Iqbal Academy Pakistan Act, 2022.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.** - In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context, -

(a) "**Academy**" means Iqbal Academy Pakistan established under this Act;
(b) "**Act**" means the Iqbal Academy Pakistan Act, 2022;
(c) "**Iqbal Academy**" means the Iqbal Academy constituted under Iqbal Academy Ordinance 1962(XXVI of 1962);
(d) "**Aiwan-e-Iqbal Complex**" means "Aiwan-e-Iqbal Complex" constituted under the Ministry of Culture, Sports and Tourism's Resolution No.8-1/84.A.III, dated the 5th January, 1984 and the Ministry of Minorities, Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs' Notification No. 8(4)/2000-A.III, dated the 17th August 2002;
(e) "**Board**" means the Board of Governors of the Academy constituted under this Act;
(f) "**Chairman**" means the Chairman of the Board;
(g) "**Prime Minister**" means the Prime Minister of Pakistan;
(h) "**Director General**" means Director General of the Academy;
(i) "**member**" means the member of the Board;
(j) "**prescribed**" means prescribed by rules or regulation made under this Act;
(k) "**rules**" means the rules made under this Act; and
(l) "**regulations**" means the regulations made under this Act.

3. **Establishment of the Academy.** - (1) After the commencement of this Act, the Prime Minister may, by notification in the official Gazette, establish an Academy to be called the Iqbal Academy Pakistan.

(2) In pursuance to the decision of the Federal Government to merge Aiwan-e-Iqbal Complex with the Iqbal Academy, the administrative, financial and operational control of Aiwan-e-Iqbal Complex and its affairs shall vest in the Academy which shall exercise all its powers and perform all its functions relating to research as defined under this Act.

(3) The Iqbal Academy Pakistan shall comprise the erstwhile Iqbal Academy and the Aiwan-e-Iqbal Complex.

(4) The Academy shall be a body corporate having perpetual succession and a common seal, with power to acquire, hold and dispose of property, both movable and immovable, and shall, by the said name, sue and be sued.

(5) No proceedings or decisions of the Academy shall be invalid by reason of the existence of any vacancy in, or defect in the establishment of, the Academy.

4. **Functions and objectives of the Academy.** – The functions and the objectives of the Academy shall include to -

(a) promote the study and understanding of the works of Iqbal;

(b) translate the works of Allama Iqbal from Persian language into Urdu language;

(c) prepare material for easy understanding of Iqbal's works;

(d) prepare material for inclusion in the curriculum for the students at various levels;

(e) promote the contribution of Iqbal in the Pakistan Movement;

(f) translate Allama Iqbal's books and to promote literature evolving around Iqbal Studies in Pakistani and international languages;

(g) establish connections and collaborate with Iqbal Chairs abroad, with institutions working on Iqbal Studies within the country and Pakistani universities;

(h) sign memoranda of understanding (MoUs) between Iqbal Academy Pakistan and different universities of Pakistan and with arts councils within the country;

(i) publish books, pamphlets and periodicals and to produce digital products relating to the study of Iqbal;

(j) prepare and arrange digital media for promotion of the study and works of Iqbal;

(k) award prizes, medals, rewards and donations to authors who, in the opinion of the Academy, have made contributions to the study of the works and teachings of Iqbal,

and to enter into contracts with authors in order to carry out the purposes of this Act;

(l) organize lectures, talks, discussions, study groups, workshops and conferences on the study and teachings of Iqbal and to send delegates to conferences held in the country and abroad for the study of Iqbal's works and teachings, or for any matter to which that study is relevant or by which it may be advanced or profited;

(m) co-operate with, or grant amalgamation or affiliation to, any other association established for a purpose similar to that of the Academy, whether the purpose of that other association is confined to the works and teachings of Iqbal or not;

(n) manage affairs of the Academy, including maintenance of the building of Aiwan-e-Iqbal Complex;

(o) manage all the affairs of tenancy of Aiwan-e-Iqbal Complex;

(p) manage the investments and utilize its earning in line with provisions of the Public Finance Management Act, 2019 and other existing laws on subject matter-

(q) manage the grants from governments and other sources and approve the budget of the Academy with prior consultation with the Division concerned;

(r) develop and maintain Art Galleries of the Academy;

(s) publish pamphlets regarding Iqbal activities being conducted in every province to ensure that work on Iqbal is being produced all over;

(t) carry out such other activities that may further enhance the aims and objectives of the Academy; and

(u) do any other function, which may be assigned by the concerned Division in line with this Act.

5. **Board of Governors.** – (1) The management, overall control and supervision of the affairs of the Academy shall vest in a Board of Governors.

(2) The Prime Minister shall, by notification in the official Gazette, constitute a Board of Governors of the Academy consisting of the following, namely: -

(a) Federal Minister or Minister of State incharge;	Chairman (ex-officio)
(b) A member to be nominated by the Chairman from amongst the non-official members;	Vice Chairman
(c) Secretary of the concerned Division;	Member (ex-officio)
(d) Joint Secretary of the concerned Division;	Member (ex-officio)

(e) Joint Secretary of the Ministry of Finance;	Member (ex-officio)
(f) Representative of the Division to which business of Federal education stands allocated (not below the rank of Joint Secretary)	Member (ex-officio)
(g) Seven non-official members who have made written contributions in the study of Iqbal and his thoughts, or have sufficient administrative, management or engineering background, to be nominated by the Chairman; and	Non-official Members
(h) Director General.	Member/Secretary

Provided that at least one of the non-official members of the Board shall be a woman, whereas two members shall possess administrative, management or engineering background.

(3) No proceedings or decisions of the Board shall be invalid by reason only of the existence of any vacancy in, or defect in the constitution of, the Board of Governors.

(4) A member, other than ex-officio member, unless he resigns from office earlier, shall hold office for a period of three years and shall be eligible for re-nomination for such term or terms as the Chairman may determine:

Provided that the non-official members shall hold office during the pleasure of the Chairman of the Board:

Provided further that non-official member may, in writing addressed to the Chairman of the Board, resign his office:

Provided also that the resignation tendered by a non-official member shall not take effect until accepted by the Chairman of the Board.

(5) If any vacancy occurs in the Board of Governors during the currency of the term of office of a nominated member, the nomination of a new member shall be made by the concerned authority and the member so nominated shall hold office for the unexpired portion of the term of office of his predecessor.

(6) Unless otherwise prescribed, one-half of the total members shall form a quorum at any meeting of the Board.

(7) The meetings of the Board shall be held at least twice a year.

6. **Functions and powers of the Board.** - The general direction and administration of the Academy and its affairs shall vest in the Board which shall exercise all powers, perform all functions and do all acts and things which may be exercised, or done by the Board under this Act. In particular and without pre-prejudice to the generality to the foregoing powers, the Board shall have the powers to -

(a) formulate policies, plans and programs for the better promotion of the thought of Iqbal;

(b) encourage and facilitate to conduct research on the life and services of Allama Iqbal, his associates, allied topics and their publication;

(c) maintain the finances and accounts of the Academy in such form and in accordance with such principles and methods as may be prescribed by the Auditor General of Pakistan;

(d) maintain and manage the funds for specific purposes in accordance with the provisions of Public Finance Management Act, 2019 (V of 2019), and other existing laws on the subject matter; and

(e) frame regulations with the concurrence of Finance and Establishment Division.

7. **Director General.** – (1) The Director General shall be appointed by the Prime Minister, on the recommendations of the Minister-in-charge, on such remuneration, terms and conditions as deemed appropriate.

(2) The Director General shall be the chief executive of the Academy and shall be responsible to the Board for carrying out the objectives of the Academy.

(3) The Director General may, by writing under his hand addressed to the Prime Minister, resign from his office.

8. **Headquarters.** - The headquarters of the Academy shall be at Lahore.

9. **Funds.** - (1) The fund of the Academy shall be derived and utilized in line with the provisions of the Public Finance Management Act, 2019 and the rules made thereunder and with prior consultation of Finance Division. The funds shall include-

(a) grants of the Federal Government and the Provincial Government;

(b) contributions and donations from individuals, local bodies corporations, institutions, organizations and agencies;

(c) proceeds from the sale of the Academy products and royalties on those publications;

(d) membership fees;

(e) any income, profit or gain realized, accrued or derived from the investments, properties and rent; and

(f) income from any other known sources.

(2) Notwithstanding anything contained in any other law in-force for the time being, the funds and donations to the Academy shall be exempted from all kinds of taxes, duties and other charges.

(3) All receipts of the Academy from any source whatsoever, received before the commencement of this Act, shall be the part of the Academy.

(4) All the funds shall be placed in the assignment account or sub-assignment account of the Academy and spent as per Federal Government rules and regulations.

10. **Budget.** – (1) All budgetary provisions shall be subject to compliance with Article 78 to 84 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the Public Finance Management Act, 2019 and rules made thereunder. The head-wise budget shall be approved by the principal accounting officer (PAO).

(2) The Secretary of the Division concerned shall be the principal accounting officer of the Academy.

11. **Audit and accounts.** – (1) Accounts of the Academy shall be maintained in such form and in accordance with such principles and methods as may be prescribed by the Auditor General of Pakistan.

(2) The audit report shall be presented and discussed in public accounts committee.

(3) A copy of the audit report shall be submitted to the Board along with the comments of the Academy.

(4) The Board may issue directions to the Academy for the rectification of any item objected to by the Auditor-General of Pakistan and the Academy shall comply with such directions.

12. **Merger of Aiwan-e-Iqbal Complex with Iqbal Academy Pakistan.** - In pursuance of decision of the Federal Government to merge Aiwan-e-Iqbal Complex with the Iqbal Academy Pakistan, the administrative, financial and operational control of Aiwan-e-Iqbal Complex and its affairs shall vest in the Academy which shall exercise all its powers and perform all its functions as defined in section 4.

13. **Power to make rules.** - The Federal Government may, by notification in the official Gazette, make rules to carry out purposes of this Act.

14. **Power to make regulations.** - The Academy may, by notification in the official Gazette, make such regulations as it may consider necessary for carrying out the provisions of this Act.

15. **Removal of difficulties.** - If any difficulty arises in giving effect to any provision of this Act, the Chairman of the Board, in consultation with the concerned Division and the Law Division, may resolve the difficulty accordingly.

16. **Repeal and savings.** - (1) The following instruments of creation of erstwhile Iqbal Academy and Aiwan-e-Iqbal Complex, respectively are hereby repealed, namely : -

(a) The Iqbal Academy Ordinance, 1962 (XXVI of 1962), is hereby repealed and Governing Body and Executive Committee of Iqbal Academy are dissolved;

(b) The Ministry of Minorities, Culture, Sports and Tourism's Resolutions No. 8-1/84.A.III, dated the 5th January, 1984, and the Ministry of Minorities, Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs' Notification No. 8(4)/2000-A.III, dated the 17th August, 2002 shall stand repealed and Management Committee thereunder is dissolved;

(c) The Ministry of Information, Broadcasting and National Heritage (National Heritage Wing)'s Notification No. 9-3/2012-Dev/IA, dated the 3rd June 2014 shall stand repealed; and

(d) The National Heritage and Culture Division's Notification No. 2-1/2014-AIC, dated the 6th October, 2020 shall stand repealed.

(2) Upon the commencement of this Act, -

(a) all funds, properties, rights and interests of whatsoever kind issued, used enjoyed, possessed, owned or vested in the erstwhile Iqbal Academy Pakistan and Aiwan-e-Iqbal Complex, in existence immediately before commencement of this Act and all liabilities and liabilities legally subsisting against the said department or organization shall pass to the Academy as established under this Act;

(b) notwithstanding anything contained herein before, all orders made, actions taken, vesting orders or notifications issued under any of the powers conferred or vested under the Ministry of Culture, Sports and Tourism's Resolution No.8-1/84.A.III, dated the 05th January, 1984 and the Ministry of Minorities, Culture, Sports, Tourism and Youth Affairs' Notification No. 8(4)/2000-A.III, dated the 17th August 2002 and Iqbal Academy Ordinance, 1962 (XXVI of 1962), shall be deemed to have been lawfully and validly made, taken, issued and vested under the provisions of this Act.

(c) Anything done, action taken, obligation or liabilities incurred, rights and assets acquired, persons appointed or authorized, jurisdiction or powers conferred, endowments, bequests, funds or trusts created, donations, or grant made, order issued under any of the provisions of repealed notification, rules or regulations, applicable to the said department shall remain in force and be continued and, having regard to the various matters which by this Act have to be regulated or prescribed by the rules or regulations, be deemed to have been respectively done, taken incurred, acquired, appointed, authorized, conferred, created, made or issued under this Act and reference in any document to any of the provisions of the said repealed notifications or the rules or regulations made there under shall, so far as may be, deemed to be reference to the corresponding provisions of this Act or the rules or regulations made there under; and

(d) any rules regulations, notifications, orders etc. made under the said repealed notification shall, in so far as they are not inconsistent with the provisions of this Act or the rules regulations made under this Act, having regard to the various matters which by this Act have to be regulated or prescribed by rules or regulations respectively shall continue to be in force, until they are repealed, replaced, rescinded or amended in accordance with the provisions of this Act.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Founded in 1951 by the Iqbal Academy Act and re-enacted through the Iqbal Academy Ordinance No. XXVI of 1962, the Iqbal Academy, Lahore is a statutory body of the Government of Pakistan and a centre for excellence for Iqbal Studies.

2. The Authority for Aiwan-e-Iqbal was created by a resolution of the Ministry of Culture in 1984 with the sole purpose and objective of carrying out the master plan of the complex. Construction of the Aiwan was completed in 1997. The Aiwan is being managed on adhoc basis through a Management Committee, as it does not have regular and sustainable administrative structure.

3. The Iqbal Academy Pakistan Bill seeks to give effect to the merger of the two organizations, namely Iqbal Academy Pakistan and Aiwan-e-Iqbal, having been charged with similar mandate aimed at promotion of studies and research related to Allama Iqbal, with the purpose to avoid duplication and to weave both organizations in one administrative structure.

4. The Bill seeks to achieve the aforesaid object and is therefore submitted for enactment by the Parliament.

(Shafqat Mahmood)
Minister for Federal Education, Professional
Training, National Heritage and Culture

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

اقبال اکیڈمی پاکستان بل، ۲۰۲۲ء پر قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت ۲۹ر ستمبر، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ علاقہ اقبال کے تفکر کو فروغ دینے کے لئے اقبال اکیڈمی قائم کرنے کے بل [اقبال اکیڈمی پاکستان بل، ۲۰۲۲ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

۱۔	میاں نجیب الدین اویسی	چیئرمین
۲۔	جناب علی نواز اعوان	رکن
۳۔	جناب صداقت علی خان	رکن
۴۔	محترمہ جویریہ ظفر آھیر	رکن
۵۔	جناب عمر اسلم خان	رکن
۶۔	جناب محمد فاروق اعظم ملک	رکن
۷۔	محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک	رکن
۸۔	محترمہ عندلیب عباس	رکن
۹۔	محترمہ غزالہ سیفی	رکن
۱۰۔	محترمہ عاصمہ قدیر	رکن
۱۱۔	محترمہ تاشفین صفدر	رکن
۱۲۔	محترمہ فرخ خان	رکن
۱۳۔	محترمہ مہناز اکبر عزیز	رکن
۱۴۔	چوہدری محمد حامد حمید	رکن
۱۵۔	محترمہ کرن عمران ڈار	رکن
۱۶۔	محترمہ مسرت آصف خواجہ	رکن
۱۷۔	جناب عابد حسین بھائیو	رکن
۱۸۔	محترمہ مسرت رفیق مہیسر	رکن
۱۹۔	ڈاکٹر شازیہ صوبیہ اسلم سومرو	رکن
۲۰۔	جناب عصمت اللہ	رکن
۲۱۔	جناب شفقت محمود وزیر برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت	رُکن بالحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۱۱ر اکتوبر، ۲۰۲۱ء، ۳۰ر نومبر، ۲۰۲۱ء، ۸ر دسمبر، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل منسلکہ۔الف پر غور کیا اور سفارش کرتی ہے کہ اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری دے۔

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/-
(میاں نجیب الدین اویسی)
چیئرمین

اسلام آباد، ۴ر فروری، ۲۰۲۲ء

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

علامہ اقبال کے تفکر کو فروغ دینے کے لیئے اقبال اکیڈمی قائم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ علامہ اقبال کے تفکر کو فروغ دینے کے لیے، مشترکہ کوششیں کرنے کی غرض سے شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے پیغام کو پھیلانے کے لیے اسلام کی عظمت، اُمت کی وحدت اور اسلامی روح کی بحالی کی بابت ان کی جدوجہد کے لیے، ایوان اقبال کمپلیکس کی دیکھ بھال اور بندوبست کرنے کے لیے، اقبال اکیڈمی اور ایوان اقبال کمپلیکس کے انتظام میں نمایاں کارکردگی لانے کے لیے اور بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اقبال اکیڈمی قائم کی جائے؛

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ اقبال اکیڈمی پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات:۔** اس ایکٹ میں، تاوقتیکہ کوئی امر موضوع یا سیاق وسباق کے منافی نہ ہو،۔۔

(الف) **"اکیڈمی"** سے اس ایکٹ کے تحت قائم کردہ اقبال اکیڈمی پاکستان مراد ہے؛

(ب) **"ایکٹ"** سے اقبال اکیڈمی پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۲ء مراد ہے؛

(ج) **"اقبال اکیڈمی"** سے اقبال اکیڈمی آرڈیننس، ۱۹۶۲ء (۲۶ مجریہ ۱۹۶۲ء) کے تحت تشکیل کردہ اقبال اکیڈمی مراد ہے؛

(د) **"ایوان اقبال کمپلیکس"** سے وزارت ثقافت، کھیلوں اور سیاحت کی قرار داد نمبر ۸۔۱/۸۴/۱۔الف۔III، مورخہ ۵ جنوری، ۱۹۸۴ء اور وزارت اقلیتیں، ثقافت، کھیلوں، سیاحت اور اُمور نوجوان کے اعلامیہ نمبر۔۸(۴)/۲۰۰۰ء۔الف۔III، مورخہ ۷ا اگست ۲۰۰۲ء کے تحت تشکیل کردہ "ایوان اقبال کمپلیکس" مراد ہے؛

(ہ) **"بورڈ"** سے اس ایکٹ کے تحت تشکیل کردہ اکیڈمی کے گورنروں کا بورڈ مراد ہے؛

(و) "چیئرمین" سے بورڈ کا چیئرمین مراد ہے؛

(ز) "وزیراعظم" سے وزیراعظم پاکستان مراد ہے؛

(ح) "ڈائریکٹر جنرل" سے اکیڈمی کا ڈائریکٹر جنرل مراد ہے؛

(ط) "رکن" سے بورڈ کا رکن مراد ہے؛

(ی) "مقررہ" سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد اور ضوابط کی رو سے مقررہ مراد ہے؛

(ک) "قواعد" سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد مراد ہیں؛ اور

(ل) "ضوابط" سے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ ضوابط مراد ہیں۔

۳۔ **اکیڈمی کا قیام:۔** (۱) وزیراعظم، اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کے بعد، سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، اقبال اکیڈمی پاکستان کے نام سے موسوم ایک اکیڈمی قائم کرے گا۔

(۲) وفاقی حکومت کے فیصلے کی مطابقت میں ایوان اقبال کمپلیکس کو اقبال اکیڈمی کے ساتھ ضم کرنے پر، ایوان اقبال کمپلیکس کا انتظامی، مالیاتی اور آپریشنل کنٹرول اور اس کے اُمور اکیڈمی میں تفویض ہوں گے جو تحقیق سے متعلق تمام ان اختیارات کو استعمال کرے گی اور تمام ان کارہائے منصبی کو انجام دے گی جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت واضح کیئے گئے ہیں۔

(۳) اقبال اکیڈمی پاکستان سابقہ اقبال اکیڈمی اور ایوان اقبال کمپلیکس پر مشتمل ہوگی۔

(۴) اکیڈمی منقولہ اور غیر منقولہ ہردو، جائیداد کو حاصل کرنے، قبضے میں رکھنے اور اسے فروخت کرنے کے اختیار کے ساتھ دوامی حق جانشینی اور مہرعام کی حامل ایک ہیئت جسدیہ ہوگی، اور مذکورہ نام سے، مقدمہ کرے گی اور اس کے خلاف مقدمہ کیا جاسکے گا۔

(۵) اکیڈمی کی کارروائیاں یا فیصلے اکیڈمی، میں کسی بھی خالی آسامی کی موجودگی، یا اس کے قیام میں نقص کی وجہ سے باطل نہ ہوں گے۔

۴۔ **اکیڈمی کے کارہائے منصبی اور مقاصد:۔** اکیڈمی کے کارہائے منصبی اور مقاصد میں حسب ذیل شامل ہوں گے۔۔۔

(الف) اقبال کے مطالعہ کو فروغ دینا اور ان کے مجموعہ جات سمجھنا؛

(ب) علامہ اقبال کے مجموعہ جات کا فارسی زبان سے اردو زبان میں ترجمہ کرنا؛

(ج) اقبال کے مجموعہ جات کو آسانی سے سمجھنے کے لیے مواد تیار کرنا؛

(د) طلباء کے لیے مختلف سطحوں پر نصاب میں شمولیت کے لیے مواد تیار کرنا؛

(ہ) تحریک پاکستان میں اقبال کی خدمات کو فروغ دینا؛

(و) علامہ اقبال کی کتابوں کا ترجمہ کرنا اور پاکستانی اور بین الاقوامی زبانوں میں مطالعہ اقبال کے اردگرد ارتقائی ادب کو فروغ دینا؛

(ز) ملک اور پاکستانی یونیورسٹیوں کے اندر مطالعہ اقبال پر کام کرنے والے اداروں کے ساتھ ساتھ، بیرون ملک اقبال کی صدارتی نشستوں کے ساتھ روابط قائم کرنا اور تعاون کرنا؛

(ح) اقبال اکیڈمی پاکستان اور پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں کے درمیان اور ملک کے اندر آرٹس کونسلوں کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (MoUs) دستخط کرنا؛

(ط) اقبال کے مطالعہ سے متعلق کتابیں، کتابچے اور جریدے شائع کرنا اور ڈیجیٹل پراڈکٹس پیش کرنا؛

(ی) اقبال کے مطالعہ اور مجموعہ جات کو فروغ دینے کے لیے ڈیجیٹل میڈیا تیار کرنا اور اس کا انتظام کرنا؛

(ک) مصنفوں کو پرائز ز، تمغہ جات، انعامات اور عطیات دینا جو، اکیڈمی کی رائے میں، اقبال کے مجموعہ جات کے مطالعہ اور تدریس میں حصہ رسدی رکھتے ہوں، اور اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری کرنے کی بابت مصنفوں کے ساتھ معاہدات میں شرکت کرنا؛

(ل) اقبال کے مطالعہ اور تدریس پر لیکچرز، گفتگو، مباحثوں مطالعاتی گروپس، ورکشاپس اور کانفرنسز کا اہتمام کرنا اور اقبال کے مجموعہ جات کے مطالعہ اور تدریس کے لیے ملک اور بیرون ملک میں منعقدہ کانفرنسز میں مندوب بھیجنا، یا کسی بھی معاملے کے لیے جس میں کہ یہ مطالعہ متعلقہ ہو یا جس کے ذریعے سے یہ آگے بڑھایا جاسکے یا مفید ہو سکے؛

(م) اکیڈمی کے مماثل غرض سے قائم شدہ کسی بھی دیگر ایسوسی ایشن کے ساتھ تعاون کرنا، یا انضمام کرنا یا الحاق کرنا، خواہ اس دیگر ایسوسی ایشن کی غرض اقبال کے مجموعہ جات اور تدریس

تک محدود ہوں یا نہ ہوں؛

(ن) اکیڈمی، بشمول ایوان اقبال کمپلیکس کی عمارت کی بحالی کے معاملات کا انتظام کرنا؛

(س) ایوان اقبال کمپلیکس کے کرایہ داری کے تمام معاملات کا انتظام کرنا؛

(ع) سرمایہ کاریوں کا انتظام کرنا اور پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ ۲۰۱۹ء اور امر موضوع پر دیگر موجودہ قوانین کے احکامات کے مطابق اس کمائی کو استعمال کرنا؛

(ف) حکومتوں اور دیگر ذرائع سے امداد کا انتظام کرنا اور متعلقہ ڈویژن کے ساتھ پیشگی مشاورت سے اکیڈمی کا بجٹ منظور کرنا؛

(ص) اکیڈمی کی آرٹ گیلریز بنانا اور برقرار رکھنا؛

(ق) ہر صوبے میں منعقد کی جانے والی اقبال کی سرگرمیوں کے حوالے سے کتابچے شائع کرنا اس امر کو یقینی بنانا کہ اقبال کے کام کو ہر جگہ پیش کیا جا رہا ہے۔

(ر) ایسی دیگر سرگرمیاں بجالانا جو کہ اکیڈمی کے مقاصد اور اغراض کو مزید بڑھا سکتی ہوں؛ اور

(ش) کوئی بھی دیگر کار منصبی انجام دینا، جو کہ اس ایکٹ کے مطابق متعلقہ ڈویژن کی جانب سے تفویض کی جا سکتی ہو۔

۵۔ **گورنروں کا بورڈ:۔** (۱) اکیڈمی کا انصرام، تمام تر کنٹرول اور اُمور نگرانی گورنروں کے بورڈ میں تفویض ہوگا۔

(۲) وزیراعظم، سرکاری جریدے میں اعلامیے کے ذریعے، حسب ذیل پر مشتمل اکیڈمی کے گورنروں کا بورڈ تشکیل دے گا، یعنی:۔

(الف) وفاقی وزیر یا وزیر مملکت انچارج؛	چیئرمین (بربنائے عہدہ)
(ب) چیئرمین کی جانب سے غیر سرکاری اراکین میں نامزد کردہ ایک رکن؛	وائس چیئرمین
(ج) متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری؛	رکن (بربنائے عہدہ)

(د) متعلقہ ڈویژن کا جوائنٹ سیکرٹری؛	رکن (بربنائے عہدہ)
(ہ) وزارت خزانہ کا جوائنٹ سیکرٹری؛	رکن (بربنائے عہدہ)
(و) ڈویژن کا نمائندہ جس کو وفاقی تعلیم کے امور کار تفویض کئے گئے ہوں (جوائنٹ سیکرٹری کے درجے سے کم نہ ہو)	رکن (بربنائے عہدہ)
(ز) چیئرمین کی جانب سے نامزد کردہ، سات غیر سرکاری اراکین جو اقبال کے مطالعہ اور ان کے خیالات میں تحریری حصہ رسدی رکھتے ہوں، یا کافی انتظامی، انصرامی یا انجینئرنگ پس منظر رکھتے ہوں؛ اور	غیر سرکاری اراکین
(ح) ڈائریکٹر جنرل۔	رکن/سیکرٹری

مگر شرط یہ ہے کہ بورڈ کے غیر سرکاری اراکین میں سے کم سے کم ایک عورت ہوگی، چونکہ دو اراکین انتظامی، انصرامی یا انجینئرنگ پس منظر رکھتے ہوں گے۔

(۳) بورڈ کی کارروائیاں اور فیصلے گورنروں کے بورڈ، میں کسی خالی آسامی کی موجودگی، یا اس کی تشکیل میں نقص کی محض وجہ سے باطل نہ ہوں گے۔

(۴) کوئی رکن، علاوہ ازیں بربنائے عہدہ رکن، تاوقتیکہ وہ پہلے ہی عہدے سے استعفیٰ نہ دے دے، تین سال کی مدت کے لیے عہدے پر فائز ہوگا اور ایسی مدت یا مدتوں کے لیے جیسا کہ چیئرمین تعین کرے دوبارہ نامزدگی کے لیے اہل ہوگا:

مگر شرط یہ ہے کہ غیر سرکاری اراکین بورڈ کے چیئرمین کی رضامندی تک عہدے پر فائز رہیں گے:

مزید شرط یہ ہے کہ غیر سرکاری رکن، بورڈ کے چیئرمین کے نام تحریری طور پر، اپنے عہدے سے استعفیٰ، دے سکے گا:

مزید شرط یہ بھی ہے کہ غیر سرکاری رکن کی جانب سے پیش کردہ استعفیٰ اثر پذیر نہیں ہوگا جب تک کہ بورڈ کے چیئرمین کی جانب سے قبول نہ کرلیا جائے۔

(۵) اگر گورنروں کے بورڈ میں نامزد کردہ رکن کے عہدے کی مدت کے عرصے کے دوران کوئی آسامی خالی ہو جاتی ہے تو، نئے رکن کی نامزدگی متعلقہ اتھارٹی کی جانب سے کی جائے گی اور اس طرح سے نامزد کردہ رکن اپنے پیش رو کے عہدے کی مدت کے بقیہ حصے کے لیے عہدے پر فائز ہوگا۔

(۶) تاوقتیکہ بصورت دیگر مقرر نہ کیا گیا ہو، بورڈ کے کسی بھی اجلاس میں کل اراکین کا نصف کورم تشکیل دے گا۔

(۷) بورڈ کے اجلاس ایک سال میں کم از کم دو بار منعقد کیے جائیں گے۔

۶۔ **بورڈ کے کارہائے منصبی اور اختیارات:۔** اکیڈمی کی عمومی ہدایت دہی اور انتظام اور اس کے معاملات بورڈ کو حاصل ہوں گے۔ جو تمام اختیارات کو استعمال کرے گا اور تمام کارہائے منصبی انجام دے گا اور وہ تمام افعال اور اشیاء انجام دے گا جو اس ایکٹ کے تحت بورڈ استعمال کر سکے گا یا انجام دے سکے گا بالخصوص اور مندرجہ بالا اختیارات کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر بورڈ کے پاس ذیل کے اختیارات ہوں گے۔

(الف) اقبال کے افکار کے بہتر فروغ کے لیے پالیسیاں منصوبے اور پروگرامز تشکیل دینے کا؛

(ب) علامہ اقبال کی زندگی اور خدمات پر تحقیقات کا انعقاد اس کے ہم شریک جڑے ہوئے موضوعات اور ان کی اشاعت کے لیے سہولت بہم پہنچانا اور حوصلہ افزائی کرنا؛

(ج) اکیڈمی کے کھاتوں اور مالیات کو ایسی شکل میں اور ایسے اصولوں اور طریقوں کی مطابقت میں برقرار رکھنا جیسا کہ آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے صراحت کئے جائیں۔

(د) مخصوص اغراض کے لیے فنڈز کو پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۱۹ء) اور نفس مضمون پر دیگر موجودہ قوانین کے احکامات کی مطابقت میں برقرار رکھنے اور انتظام کرنے کا؛ اور

(ہ) خزانہ اور عملہ ڈویژن کی مشاورت سے ضوابط مرتب کرنا؛

۷۔ **ڈائریکٹر جنرل:۔** (۱) ڈائریکٹر جنرل کا تقرر وزیراعظم، وزیر انچارج کی سفارشات پر ایسی

اجرت اور قیود و شرائط پر کرے گا جیسا کہ مناسب سمجھا جائے۔

(۲) ڈائریکٹر جنرل اکیڈمی کا چیف ایگزیکٹو ہوگا اور بورڈ کے لیے اکیڈمی کے اغراض کو عمل میں لانے کا ذمہ دار ہوگا۔

(۳) ڈائریکٹر جنرل وزیراعظم کے نام اپنے تحریری استعفیٰ کے ذریعے اپنے عہدے سے مستعفی ہو سکے گا۔

۸۔ **صدر دفتر:۔** اکیڈمی کا صدر دفتر لاہور میں ہوگا۔

۹۔ **فنڈز:۔** (۱) اکیڈمی کے فنڈ کو پبلک مالیات کے انصرام کا ایکٹ ۲۰۱۹ء اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے احکامات کی مطابقت میں اور مالیات ڈویژن کی پیشگی مشاورت سے اخذ اور استعمال کیا جا سکے گا۔ فنڈ ذیل پر مشتمل ہوگا۔

(الف) وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت کی امدادوں پر؛

(ب) افراد، مقامی ہیئتوں، کارپوریشنوں، اداروں، تنظیموں اور ایجنسیوں کے عطیات اور چندوں پر؛

(ج) اکیڈمی کی مصنوعات کی فروخت اور ان اشاعتوں کی حق تالیف کی آمدن پر؛

(د) رکنیت کی فیسوں پر؛

(ہ) سرمایہ کاری، املاک اور کرائے سے کمائی گئی حاصل کی گئی یا اخذ کی گئی کسی بھی آمدن یا نفع پر؛ اور

(و) دیگر کسی واضح ذرائع سے آمدن پر؛

(۲) فی الوقت نافذ العمل دیگر کسی بھی قانون میں شامل کسی بھی شئے کے باوصف اکیڈمی کے فنڈز اور عطیات تمام اقسام کے محصولات، ٹیکسوں اور دیگر مصارف سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(۳) اکیڈمی کے کسی بھی ذرائع سے تمام محصولات جو بھی ہوں جو اس ایکٹ کے آغاز نفاذ سے پہلے وصول کیے گئے ہوں اکیڈمی کا حصہ ہوں گے۔

(۴) تمام فنڈز کو اکیڈمی کے تفویضی کھاتوں یا ذیلی تفویضی کھاتوں میں رکھا جائے گا اور وفاقی حکومت کے قواعد و ضوابط کے تحت خرچ کیے جائیں گے۔

۱۰۔ **بجٹ:۔** (۱) تمام میزانیاتی احکامات اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۷۸ تا

۸۴، پبلک مالیات کے انصرام کا ایکٹ، ۲۰۱۹ء اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی تعمیل سے مشروط ہوں گے۔ مددار بجٹ کی منظوری پرنسپل اکاؤنٹنگ افسر (PAO) کی جانب سے دی جائے گی۔

(۲) متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری اکیڈمی کا پرنسپل اکاؤنٹنگ افسر ہوگا۔

۱۱۔ **جانچ اور کھاتے:۔** (۱) اکیڈمی کے کھاتوں کو ایسی شکل میں اور ایسے اصولوں اور طریقوں کی مطابقت میں برقرار رکھا جائے گا جیسا کہ آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے صراحت کئے جائیں۔

(۲) آڈٹ رپورٹ پیش کی جائے گی اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں بحث کی جائے گی۔

(۳) آڈٹ رپورٹ کی پرت اکیڈمی کے تبصرے کے ساتھ، بورڈ کو جمع کروائی جائے گی۔

(۴) بورڈ پاکستان کے محاسب اعلیٰ کی جانب سے اعتراض کی گئی کسی مد کی تصحیح کے لئے، اکیڈمی کو ہدایات جاری کر سکے گا اور اکیڈمی ایسی ہدایات کی تعمیل کرے گی۔

۱۲۔ **ایوان اقبال کمپلیکس کا اقبال اکیڈمی پاکستان کے ساتھ انضمام:۔** ایوان اقبال کمپلیکس کو اقبال اکیڈمی پاکستان کے ساتھ انضمام کرنے کے لئے وفاقی حکومت کے فیصلے کی تعمیل کرتے ہوئے، ایوان اقبال کمپلیکس کا انتظامی، مالی اور آپریشنل کنٹرول اور اس کے اُمور اکیڈمی کے اختیار میں ہوں گے جو کہ اپنے اختیار کا استعمال اور اپنے کارہائے منصبی کی ادائیگی ایسے کرے گی جیسا کہ دفعہ ۴ میں بیان کی گئی ہے۔

۱۳۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار:۔** وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں بذریعہ اعلامیہ، اس ایکٹ کی اغراض کی بجا آوری کے لئے قواعد وضع کر سکے گی۔

۱۴۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** اکیڈمی سرکاری جریدے میں بذریعہ اعلامیہ، ایسے ضوابط وضع کر سکے گی جیسا کہ اس ایکٹ کے احکامات کی بجا آوری کے لئے ضروری متصور کئے جائیں۔

۱۵۔ **ازالہ مشکلات:۔** اس ایکٹ کے کسی احکامات کو موثر بنانے میں، اگر کوئی مشکل درپیش ہو تو بورڈ کا چیئرمین، متعلقہ ڈویژن اور قانون ڈویژن کی مشاورت کے ساتھ مشکل کا حسبہ ازالہ کر سکے گا۔

۱۶۔ **تنسیخ اور استثناء:۔** (۱) سابقہ اقبال اکیڈمی اور ایوان اقبال کمپلیکس کے قیام کی حسب ذیل دستاویزات کو بالترتیب بذریعہ ہذا، منسوخ کیا جاتا ہے، یعنی:۔

(الف) اقبال اکیڈمی آرڈیننس، ۱۹۶۲ء (۲۶ مجریہ ۱۹۶۲ء) کو، بذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے اور اقبال اکیڈمی کی ہیئت حاکمہ اور نظامی کمیٹی کو تحلیل کیا جاتا ہے؛

(ب) وزارت اقلیتیں، ثقافت، کھیلوں اور سیاحت کی قرارداد نمبر ۸۔۱/۸۴الف۔ III مورخہ ۵ جنوری، ۱۹۸۴ اور اقلیتوں، ثقافت، کھیلوں، سیاحت اور امور نوجوان کے اعلامیہ نمبر ۸(۴)/۲۰۰۰الف۔III مورخہ ۱۷ اگست، ۲۰۰۲ کو منسوخ قرار دیا جائے گا اور اس کے تحت انصرامی کمیٹی کو تحلیل کیا جاتا ہے؛

(ج) وزارت اطلاعات، نشریات اور قومی ورثہ (قومی ورثہ ونگ) کے اعلامیہ نمبر 9-3/2012-Dev/IA، مورخہ 3 جون، 2014، منسوخ سمجھا جائے گا؛ اور

(د) قومی ورثہ اور ثقافت ڈویژن کے اعلامیہ نمبر 2-1/2014-A/C مورخہ 6 اکتوبر 2020 منسوخ سمجھا جائے گا۔

(۲) اس ایکٹ کے آغاز نفاذ پر:۔

(الف) تمام فنڈز، املاک، حقوق اور کسی بھی قسم کے مفادات جو اس ایکٹ کے آغاز نفاذ سے فوری قبل صورت حال میں سابقہ اقبال اکیڈمی پاکستان اور ایوان اقبال کمپلیکس کی طرف سے جاری کئے گئے، استعمال کئے گئے، استفادہ حاصل کیا گیا ہو، قبضے میں ہوں، ملکیت میں ہوں یا اس میں تفویض کیے گئے ہوں اور مذکورہ محکمہ یا تنظیم کے تمام واجبات اور قانونی طور پر قائم واجبات، اکیڈمی کو منتقل ہوں گے جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت قائم کردہ ہیں۔

(ب) بلالحاظ اس امر کے کہ اس سے قبل کچھ مذکور ہو، وزارت ثقافت، کھیلوں اور سیاحت کی قرارداد نمبر 8-1/84-III، مورخہ 5 جنوری، 1984ء اور اقلیتوں، ثقافت، کھیلوں، سیاحت اور امور نوجوان کی وزارت کا اعلامیہ نمبر 8(4)/2000-A-III مورخہ 17 اگست 2002 اور اقبال اکیڈمی آرڈیننس، ۱۹۶۲ء (۲۶ مجریہ ۱۹۶۲ء) کے تحت عطاء کردہ یا تفویض شدہ حاصلہ کسی بھی اختیارات کے تحت، تمام وضع کردہ حکم نامے، کی گئی کارروائیاں، تفویض احکام یا جاری کردہ اعلانات، اس ایکٹ کے احکامات کے تحت قانونی طور پر اور جائز طور پر، وضع کردہ، کئے گئے، جاری کردہ اور تفویض کردہ متصور ہوں گے۔

(ج) منسوخ شدہ اعلامیے ،قواعد یا ضوابط جو مذکورہ محکمے پر قابل اطلاق ہوں، کے کسی احکامات کے تحت کوئی بھی کیا گیا امر، کی گئی کارروائی ، ذمہ داری یا عائد کردہ واجبات حاصل شدہ حقوق واثاثہ جات ،تقرر یا مجاز کردہ اشخاص ،عطاء کردہ علاقائی حدود یا اختیارات ،اوقاف، ہبہ بالوصیت،فنڈز یا تخلیق کردہ ٹرسٹس، خیرات یا وضع کردہ امداد، جاری کردہ احکام نافذ العمل رہیں گے اور جاری رہیں گے اور ایسے امور کی نسبت جن کو اس ایکٹ کے تحت قواعد اور ضوابط کی رو سے باضابطہ بنایا گیا ہو یا صراحت کیا گیا ہو، اس ایکٹ کے تحت علی الترتیب کیا گیا ہو، عائد کردہ، حاصل شدہ، تقرر کردہ، مجاز کردہ، عطاء کردہ ، بنایا گیا، وضع کردہ یا جاری کردہ متصور ہوگا اور مذکورہ منسوخ کردہ نوٹیفکیشنز یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کے کسی احکامات کی کسی دستاویز میں حوالہ، جہاں تک ہو سکے، اس ایکٹ یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کے مراسلہ احکامات کا حوالہ متصور ہوگا؛ اور

(د) مذکورہ منسوخ شدہ اعلامیے کے تحت وضع کردہ کوئی بھی قواعد ضوابط ، اعلانات ، احکامات وغیرہ ، اس حد تک کہ وہ اس ایکٹ کے احکامات یا اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد ضوابط سے متناقض نہ ہوں تو ،مختلف معاملات کی نسبت جو اس ایکٹ کے ذریعے سے بالترتیب قواعد یا ضوابط کی رو سے منضبط یا مقررہ کئے گئے ہیں بدستور نافذ العمل رہیں گے، جب تک کہ وہ اس ایکٹ کے احکامات کی مطابقت میں منسوخ ،تبدیل، کالعدم نہ کر دیئے گئے ہوں یا ان میں ترمیم نہ کی گئی ہو۔

بیان اغراض ووجوہ

اقبال اکیڈمی، لاہور اقبال اکیڈمی ایکٹ، ۱۹۵۱ء کے ذریعے وجود میں آئی اور اس کے بارے میں اقبال اکیڈمی آرڈیننس نمبر ۲۶ بابت ۱۹۶۲ء کے ذریعے دوبارہ قانون وضع کیا گیا، اقبال اکیڈمی، لاہور حکومت پاکستان کا ایک آئینی ادارہ اور مطالعہ اقبال کے لئے ممتاز مرکز ہے۔

۲۔ ایوان اقبال کے لیے اتھارٹی کمپلیکس کے اساسی منصوبے کی بجا آوری کی کامل غرض اور مقصد کے ساتھ ۱۹۸۴ء میں وزارت ثقافت کی قرارداد کے ذریعے سے تخلیق دی گئی۔ ایوان کی تعمیر ۱۹۹۷ء میں مکمل ہوئی۔ ایوان کا انصرام وقتی بنیاد پر انصرامی کمیٹی کے ذریعے سے چلایا جارہا ہے، اس لئے کہ یہ باقاعدہ اور پائیدار انتظامی ڈھانچہ کا حامل نہیں ہے۔

۳۔ اقبال اکیڈمی پاکستان بل دو تنظیموں، یعنی اقبال اکیڈمی پاکستان اور ایوان اقبال کے انضمام کو مؤثر بنانے کا متلاشی ہے، ایک انتظامی ڈھانچے میں دونوں تنظیموں کو سمانے اور ثنیٰ سازی سے گریز کرنے کی غرض سے، علامہ اقبال سے متعلق مطالعہ جات اور تحقیق کو فروغ دینے کے مقصد سے مماثل اختیار کے ساتھ ذمہ داری تفویض کی گئی ہے۔

۴۔ بل مذکورہ بالا مقصد کے حصول کا متلاشی ہے اور اس وجہ سے پارلیمنٹ کے ذریعے قانون وضع کرنے کے لیے، پیش کیا گیا ہے۔

(شفقت محمود)

وزیر برائے وفاقی تعلیم، پیشہ وارانہ تربیت،

قومی ورثہ وثقافت